بیاد: شہداء ختم نبوت
(مارچ ۱۹۵۳ء)

سلام

علامہ طالوت مرحوم

سلام اُن پر جنھوں نے سنت ِ سجاد زندہ کی
سلام اُن پر جنھو ں نے کربلا کی یاد زندہ کی

سلام اُن پر کہ جو ختم نبوت کے تھے شیدائی
سلام اُن پر کہ جن کی جرأتِ رندانہ کام آئی

سلام اُن پر جنھوں نے مشعلیں حق کی جلائی ہیں
سلام اُن پر جنھوں نے گولیاں سینوں پہ کھائی ہیں

سلام اُن پر جو جیتے تھے فقط اسلام کی خاطر
جناب خواجۂ ہر دوسرا کے نام کی خاطر

سلام اُن پر کہ جو ختم رسالت کے تھے پروانے
جو عاقل باخدا تھے اور حضور خواجہ کے دیوانے

سلام اُن کی شجاعت پر ، سلام اُن کے قرینے پر
کہ سینہ تان کے کہتے تھے گولی آئی سینے پر

سلام اُن پر کہ جن کی غیرتِ ایمان تھی زندہ
سلام اُن پر قیامت تک ہے جن کا نام پائندہ